☆



| Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 8 | 9 | 1 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes** وقت:15منٹ نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. All India Muslim League was formed in: — 1.1 آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔
(A) 1885 A.D. ء میں (B) 1906 A.D. ء میں (C) 1909 A.D. ء میں (D) 1940 A.D. ء میں

2. The proportional share of Pakistan in assets was Rs:_____million. — 2. اثاثوں میں پاکستان کا حصہ تناسب کے لحاظ سے _____ ملین روپے تھا۔
(A) 750 (B) 700 (C) 1050 (D) 950

3. Which mountain range is located in south of Pakistan? — 3. پاکستان کے جنوب میں کون سا پہاڑی سلسلہ ہے؟
(A) Himalaya ہمالیہ (B) Karakuram range کوہ قراقرم (C) Kirthar range کوہ کیر تھر (D) Koh-e-Sufaid کوہ سفید

4. According to Objective Resolution the system of the country will be: — 4. قراردادِ مقاصد کے مطابق ملک کا نظام ہوگا۔
(A) Unitary وحدانی (B) Non-Federal غیر وفاقی (C) Federal وفاقی (D) Presedential صدارتی

5. Number of houses of Majlise-e-Shura is: — 5. مجلسِ شوریٰ ایوانوں پر مشتمل ہے۔
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

6. Abdur Rehman Chugtai was attached with art of: — 6. عبدالرحمان چغتائی کا تعلق فن سے تھا۔
(A) Construction فنِ تعمیر (B) Music موسیقی (C) Painting مصوری (D) Calligraphy خطاطی

7. Urdu is a world of Turkish language, which means. — 7. اُردو ترکی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں۔
(A) With ساتھ (B) Arms اسلحہ (C) Army لشکر (D) Literature ادب

8. The population of Pakistan living below the poverty line is: — 8. پاکستان میں غربت کی زندگی گزارنے والے افراد کی فی صد تعداد ہے۔
(A) 15% (B) 35% (C) 25% (D) 50%

9. Better use of local resources for the development of National economy and public welfare is called: — 9. قومی معیشت اور عوام کی خوشحالی کے لیے ملکی وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے کا نام ہے۔
(A) Economic self-sufficiency معاشی خود کفالت (B) Economic planning معاشی منصوبہ بندی
(C) Industrial development صنعتی ترقی (D) Commerce تجارت

10. Pakistan made nuclear explosion in: — 10. پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے۔
(A) 1997 A.D ء میں (B) 1998 A.D ء میں (C) 1999 A.D ء میں (D) 2000 A.D ء میں

Roll No.__________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 6 | 0 | 9 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** **Time: 1:45 Hours** وقت: 1:45 گھنٹے نمبر: 40

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
2. درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Write down the names of any four educational institutions established by Sir Syed Ahmed Khan.
i. سرسید احمد خان کے قائم کردہ کوئی سے چار تعلیمی اداروں کے نام لکھیے۔

ii. How were the groups of provinces formed in the Cabinet Mission plan?
ii. کابینہ مشن پلان میں صوبائی گروپ کی تشکیل کیسے ہوئی؟

iii. What was the advice of Quaid-e-Azam to the students.
iii. قائد اعظم نے طلباء کو کیا نصیحت کی؟

iv. Why did the state of Junagrah not join Bharat?
iv. ریاست جوناگڑھ نے بھارت کے ساتھ الحاق کیوں نہ کیا؟

v. Write down the names of the Muslim countries located along the Persian Gulf.
v. خلیج فارس سے ملحقہ مسلم ممالک کے نام تحریر کیجیے۔

vi. What is meant by valley?
vi. وادی سے کیا مراد ہے؟

vii. Describe the importance of Objective Resolution?
vii. قرارداد مقاصد کی اہمیت بیان کریں۔

viii. Define the term "Muslim".
viii. اصطلاح "مسلمان" کی تعریف کیجیے۔

ix. Write four functions of Majlis-e-Shura.
ix. مجلس شوریٰ کے چار فرائض لکھیے۔

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
3. درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. What kind of ornaments and dresses are used in Pakistan?
i. پاکستان میں کس قسم کے لباس اور زیورات پہنے جاتے ہیں؟

ii. What kind of weapons and tools were used by the ancient people of Indus valley?
ii. وادیٔ سندھ کے قدیم باشندے کس قسم کے جنگی آلات اور اوزار استعمال کرتے تھے؟

iii. Write down the names of four poets of Kashmiri language.
iii. کشمیری زبان کے چار شعراء کے نام لکھیے۔

iv. Write the topics of war poetry pertaining to Balochi poetry.
iv. بلوچی شاعری کے حوالے سے رزمیہ شاعری کے موضوعات لکھیے۔

v. What is national integration?
v. قومی یکجہتی سے کیا مراد ہے؟

vi. Define Islamic state.
vi. اسلامی ریاست کی تعریف لکھیے۔

vii. What is the purpose of the establishment of Agriculture Bank?
vii. زرعی بینک بنانے کا کیا مقصد ہے؟

viii. What is foreign policy?
viii. خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

ix. Describe the incident of world trade center in brief.
ix. ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا واقعہ مختصراً بیان کیجیے۔

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16**
نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**4.** Explain ideology of Pakistan in the light of the saying of the Quaid-e-Azam.
4. قائد اعظم کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجیے۔

**5.** Briefly describe the salient features of Pakistani culture.
5. پاکستانی ثقافت کی نمایاں خصوصیات کا مختصراً تذکرہ کریں۔

**6.** Explain the basic principles of foreign policy of Pakistan.
6. پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں کی وضاحت کریں۔

☆



| Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 8 | 9 | 1 | 2 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-II-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes 15 منٹ :وقت** نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B ،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. World war-II started in: جنگِ عظیم دوم کا آغاز ہوا۔
(A) 1914ء میں 1914 A.D. (B) 1939ء میں 1939 A.D. (C) 1919ء میں 1919 A.D. (D) 1946ء میں 1946 A.D.

2. What was the total number of princely states in the Sub-continent during British rule? انگریزوں کے دورِ حکومت میں برصغیر میں ریاستوں کی تعداد کتنی تھی؟
(A) 535 (B) 435 (C) 635 (D) 630

3. Through which pass, Karakuram highway connects Pakistan with China? شاہراہِ ریشم کس درہ سے پاکستان کو چین سے ملاتی ہے؟
(A) Khunjerab pass درہ خنجراب (B) Khyber pass درہ خیبر
(C) Tochi pass درہ ٹوچی (D) Gomal pass درہ گومل

4. Basic principles committee's second report was presented by: بنیادی اصولوں کی کمیٹی کی دوسری رپورٹ پیش کی۔
(A) Quaid-e-Azam قائدِ اعظم (B) Kh. Nazim-ud-Din خواجہ ناظم الدین نے
(C) Liaquat Ali Khan لیاقت علی خان (D) Feroze Khan Noon فیروز خان نون

5. Number of departments at District level under new local government system is: نئے لوکل گورنمنٹ کے نظام میں ضلع کی سطح پر محکموں کی تعداد ہے۔
(A) 10 (B) 12 (C) 14 (D) 16

6. The famous music "Mian ki Malhaar" was created by: مشہور راگ ''میاں کی ملہار'' کے خالق ہیں؟
(A) Ameer Khusru امیر خسرو (B) Master Abdullah ماسٹر عبداللہ (C) Tan Sen تان سین (D) Nisar Bazmi نثار بزمی

7. In third period of Khasmiri language a famous name is: کشمیری زبان کے تیسرے دور کا ایک نامور نام ہے۔
(A) Mahmood Gaami محمود گامی (B) Hiba Khatoon حبہ خاتون (C) Armani Lal ارمنی لال (D) Mulla Faqir مُلا فقیر

8. The common value among the people of Pakistan is: پاکستان کے لوگوں کی قدر مشترک ہے۔
(A) Dress لباس (B) Language زبان (C) Habits عادات (D) Islam دین اسلام

9. Drinking water is not available to _____ percentage of population in Pakistan. پاکستان کے _____ فی صد لوگوں کو پینے کا صاف پانی نہیں ملتا۔
(A) 30% (B) 40% (C) 50% (D) 60%

10. In January 2004 A.D SAARC conference was held in: جنوری 2004ء میں سارک کانفرنس منعقد ہوئی۔
(A) Lahore لاہور میں (B) Islamabad اسلام آباد میں (C) Karachi کراچی میں (D) Peshawar پشاور میں

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Subject Code | 6 | 0 | 9 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-II-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

Marks: 40 Time: 1:45 Hours وقت:1:45 گھنٹے نمبر: 40

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Write down two objectives of Khilafat Movement. تحریک خلافت کے دو مقاصد تحریر کیجیے۔

ii. Write down two basic points of Pakistan Resolution. قراردادِ پاکستان کے دو بنیادی نکات لکھیے۔

iii. How was the river water dispute resolved between Pakistan and Bharat? پاکستان اور بھارت کے درمیان دریائی پانی کا مسئلہ کیسے حل ہوا؟

iv. What are Meridians of Longitude? خطوط طول بلد کون سے خطوط ہیں؟

v. Define scale. پیمانہ کی تعریف کریں۔

vi. What is meant by moral rights? اخلاقی حقوق سے کیا مراد ہے؟

vii. Describe three functions of Islamic Ideology council. اسلامی نظریاتی کونسل کے تین فرائض بیان کیجیے۔

viii. Write down the names of any four important oranizations of Federal government. وفاقی حکومت کے چار اہم اداروں کے نام تحریر کیجیے۔

ix. What does legislature do? مقننہ کیا کام کرتی ہے؟

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Where is the center of Gandhara civilization? گندھارا تہذیب کا مرکز کہاں ہے؟

ii. Which foods are liked in Pakistan? پاکستان میں کون کون سی غذائیں پسند کی جاتی ہیں؟

iii. State the fifth period of Kashmiri language. کشمیری زبان کا پانچواں دور بیان کیجیے۔

iv. State the evoluation of sindhi literature during the period from 1050 to 1350 A.D? 1050 سے 1350ء کے دوران سندھی ادب کا ارتقاء بیان کیجیے۔

v. What is the importance of national integration? قومی یکجہتی کی کیا اہمیت ہے؟

vi. Why democracy is essential? جمہوریت کا قیام کیوں ضروری ہے؟

vii. How can the balance of payments be improved? ادائیگیوں کا توازن کیسے درست ہو سکتا ہے؟

viii. Write down the objectives of foreign policy of Pakistan. پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد لکھیے۔

ix. What is meant by national security? قومی سلامتی سے کیا مراد ہے؟

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16** نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**4.** Describe the important causes of establishment of All India Muslim League. آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے اسباب بیان کریں۔

**5.** Evaulate the Islamic provisions of the Constitution 1973 A.D. 1973ء کے دستور کی اسلامی دفعات کا جائزہ لیں۔

**6.** Describe the importance of economic planning. معاشی منصوبہ بندی کی اہمیت بیان کریں۔

☆☆☆☆

Inter - (Part-II)-A- 2016

| Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 8 | 9 | 1 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes** وقت: 15 منٹ نمبر: 10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. The total number of members of Senate of Pakistan are: 1.1. پاکستان میں سینٹ کے ارکان کی کل تعداد ہے۔
(A) 87 (B) 94 (C) 104 (D) 117

2. Who was Tan Sen? 2. تان سین کون تھا؟
(A) musician موسیقار (B) poet شاعر (C) painter مصور (D) philosopher فلاسفر

3. Hashim Shah was a poet of which language? 3. ہاشم شاہ کس زبان کے شاعر تھے؟
(A) Urdu اُردو (B) Punjabi پنجابی (C) Sindhi سندھی (D) Pushto پشتو

4. The second five-year plan of Pakistan was launched in: 4. پاکستان کا دوسرا پانچ سالہ منصوبہ شروع ہوا۔
(A) 1960 A.D. ء میں (B) 1965 A.D. ء میں (C) 1970 A.D. ء میں (D) 1975 A.D. ء میں

5. The common value among the people of Pakistan is: 5. پاکستان کے لوگوں میں قدرِ مشترک ہے۔
(A) dress لباس (B) language زبان (C) habits عادات (D) Islam دینِ اسلام

6. Which country recognized Pakistan first of all after its independence? 6. آزادی کے بعد پاکستان کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا؟
(A) Saudi Arabia سعودی عرب (B) Turkey ترکی (C) Kuwait کویت (D) Iran ایران

7. Lahore Resolution was passed in: 7. قراردادِ لاہور منظور کی گئی۔
(A) 1935 A.D. ء میں (B) 1937 A.D. ء میں (C) 1940 A.D. ء میں (D) 1942 A.D. ء میں

8. The State Bank of Pakistan was established in: 8 سٹیٹ بینک آف پاکستان کی بنیاد رکھی گئی۔
(A) 1947 A.D. ء میں (B) 1948 A.D. ء میں (C) 1949 A.D. ء میں (D) 1950 A.D. ء میں

9. Which country is situated in the North of Pakistan? 9. پاکستان کے شمال میں کون سا ملک واقع ہے؟
(A) India بھارت (B) Iran ایران (C) Afghanistan افغانستان (D) China چین

10. In Islam sovereignty belongs to: 10. اسلام میں اقتدارِ اعلیٰ کا مالک ہے۔
(A) people عوام (B) parliament پارلیمنٹ (C) king بادشاہ (D) Allah Almighty اللہ تعالیٰ

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 6 | 0 | 9 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Essay Type) — Group-I-گروپ — مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** — **Time: 1:45 Hours** وقت: 1:45 گھنٹے — نمبر: 40

## Section -I — 2x12=24 — حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**

**.2 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

i. When and who proposed the word Pakistan?
i. لفظ پاکستان کب اور کس نے تجویز کیا؟

ii. Write down two proposals of Cripps Mission.
ii. کرپس مشن کی دو تجاویز بیان کیجیے۔

iii. Why did Quaid-e-Azam lay the foundation of the State Bank of Pakistan.
iii. قائداعظم نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی بنیاد کیوں رکھی؟

iv. Describe the location of Pakistan.
iv. پاکستان کا محلِ وقوع بیان کیجیے۔

v. Write down the importance of Afghanistan and Central Asian states for Pakistan.
v. پاکستان کے لئے افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کی اہمیت بیان کیجیے۔

vi. What is meant by the sovereignty of Allah Almighty?
vi. اللہ تعالیٰ کی حاکمیت سے کیا مراد ہے؟

vii. Give two characteristics of human rights.
vii. انسانی حقوق کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔

viii. Write the names of four important organizations of Federal governement?
viii. وفاقی حکومت کے چار اہم اداروں کے نام لکھیے۔

ix. Write two functions of section officer.
ix. سیکشن افسر کے دو فرائض لکھیے۔

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**

**.3 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

i. Name the two educational institutions established under the influence of Aligarh Movement.
i. دو تعلیمی اداروں کے نام لکھیے جو تحریک علی گڑھ کے نتیجے میں قائم ہوئے۔

ii. Write the names of two Mughal kings who were interested in the art of Calligraphy.
ii. مغلیہ دور کے دو بادشاہوں کے نام لکھیے جو فنِ خطاطی میں گہری دلچسپی رکھتے تھے۔

iii. Write the topics of war poetry pertaining to Balochi poetry.
iii. بلوچی شاعری کے حوالے سے رزمیہ شاعری کے موضوعات لکھیے۔

iv. Define Islamic State.
iv. اسلامی ریاست کی تعریف کیجیے۔

v. What is the importance of national integration?
v. قومی یکجہتی کی کیا اہمیت ہے؟

vi. Write four important imports of Pakistan.
vi. پاکستان کی چار درآمدات کے نام لکھیے۔

vii. Write two hurdles in the way to industrial development in Pakistan.
vii. پاکستان میں صنعتی ترقی کی راہ میں حائل دو رکاوٹیں تحریر کیجیے۔

viii. What is the basic duty of Ministry of Foreign Affairs?
viii. وزارتِ خارجہ کا بنیادی فریضہ کیا ہے؟

ix. Write two basic principles of foreign policy.
ix. خارجہ پالیسی کے دو بنیادی اصول لکھیے۔

## Section -II — حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16**

**نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

**4.** Highlight the educational services of Sir Syed Ahmed Khan.
.4 سرسید احمد خان کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالیں۔

**5.** Describe important points of Objectives Resolution.
.5 قرارداد مقاصد کے اہم نکات بیان کریں۔

**6.** Describe the objectives and determinants of foreign policy of Pakistan.
.6 پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد اور تشکیل کے ذرائع بیان کیجیے۔

☆☆☆☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 9 | 1 | 8 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-II-گروپ

مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes** وقت:15 منٹ نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. The number of houses of Majlis-e-Shura is: — 1.1 مجلس شوریٰ ایوانوں پر مشتمل ہے۔
(A) One ایک (B) Two دو (C) Three تین (D) Four چار

2. The ruins of Harappa are situated in which district? — 2. ہڑپہ کے کھنڈرات کس ضلع میں واقع ہیں؟
(A) Lahore لاہور (B) Peshawar پشاور (C) Multan ملتان (D) Sahiwal ساہیوال

3. The most standardized accent of the Punjabi language is: — 3. پنجابی زبان کا سب سے معیاری لہجہ ہے۔
(A) Majhi ماجھی (B) Potohari پوٹھوہاری (C) Chachi چھاچھی (D) Seraiki سرائیکی

4. The communication language at the time of the emergence of Pakistan was: — 4. پاکستان معرض وجود میں آنے پر رابطے کی زبان تھی۔
(A) English انگریزی (B) Hindi ہندی (C) Urdu اُردو (D) Punjabi پنجابی

5. According to the facts and figures of 2009-10 in Pakistan,literacy rate was: — 5. 2009-10 کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی تھی۔
(A) 40% (B) 45% (C) 50% (D) 57%

6. The foundation of E.C.O was laid in: — 6. اقتصادی تعاون کی تنظیم کی بنیاد رکھی گئی۔
(A) 1970 A.D. ء میں (B) 1975 A.D. ء میں (C) 1980 A.D. ء میں (D) 1985 A.D. ء میں

7. The war of independence was fought in: — 7. جنگ آزادی لڑی گئی۔
(A) 1850 A.D. ء میں (B) 1857 A.D. ء میں (C) 1867 A.D. ء میں (D) 1877 A.D. ء میں

8. The Viceroy of India at the time of the partition of the sub-continent was: — 8. تقسیم برصغیر کے وقت ہندوستان کا وائسرائے تھا۔
(A) Lord Curzon لارڈ کرزن (B) Lord Waivell لارڈ ویول (C) Lord Minto لارڈ منٹو (D) Lord Mount Batten لارڈ ماؤنٹ بیٹن

9. Which sea is located in the south of Pakistan? — 9. پاکستان کے جنوب میں کون سا سمندر واقع ہے؟
(A) Bay of Bengal خلیج بنگال (B) Arabian Sea بحیرہ عرب (C) Persian Gulf خلیج فارس (D) Red Sea بحیرہ قلزم

10. According to the Objective Resolution the system of the country will be: — 10. قرارداد مقاصد کے مطابق ملک کا نظام ہوگا۔
(A) Unitary وحدانی (B) Non-Federal غیر وفاقی (C) Federal وفاقی (D) Presidential صدارتی

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Subject Code | 6 | 0 | 9 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-II-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** **Time: 1:45 Hours** وقت:1:45 گھنٹے نمبر: 40

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**

.2 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Write the names of two educational institutions established by Sir Syed Ahmad Khan.

i. سرسید احمد خان کے قائم کردہ دو تعلیمی اداروں کے نام تحریر کیجیے۔

ii. Write down the importance of North mountain ranges.

ii. شمالی پہاڑوں کی اہمیت لکھیے۔

iii. What is meant by provincialism and racialism.

iii. صوبائیت اور نسل پرستی سے کیا مراد ہے؟

iv. Write two administrative problems of Pakistan which were faced at the time of partition.

iv. پاکستان کی دو انتظامی مشکلات بیان کریں جن کا تقسیم ہند کے وقت سامنا تھا۔

v. What is meant by valley?

v. وادی سے کیا مراد ہے؟

vi. Write any two reasons of economic instability.

vi. معاشی عدم توازن کی کوئی سی دو وجوہات لکھیں۔

vii. Write two points of Objective Resolution.

vii. قرارداد مقاصد کے دو نکات لکھیں۔

viii. Write two Islamic provisions of 1956 A.D constitution.

viii. دستور پاکستان 1956ء کی دو اسلامی دفعات لکھیں۔

ix. What does legislature do?

ix. مقننہ کیا کام کرتی ہے؟

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**

.3 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. What type of weapons and tools were used by the ancient people of Indus Valley?

i. وادئ سندھ کے قدیم باشندے کس قسم کے جنگی آلات اور اوزار استعمال کرتے تھے؟

ii. Which foods are liked in Pakistan?

ii. پاکستان میں کون کون سی غذائیں پسند کی جاتی ہیں؟

iii. Write the names of four poets of Kashmiri language.

iii. کشمیری زبان کے چار شعراء کے نام لکھیے۔

iv. Why democracy is essential?

iv. جمہوریت کا قیام کیوں ضروری ہے؟

v. Write two problems of National integration in Pakistan.

v. پاکستان میں قومی یک جہتی کے دو مسائل بیان کیجیے۔

vi. Write a note on the increase in national income.

vi. قومی آمدنی میں اضافہ پر نوٹ لکھیے۔

vii. What is meant by Defence Industry.

vii. دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟

viii. What is meant by Foreign Policy.

viii. خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

ix. Explain Economic Co-opreation Organization.

ix. اقتصادی تعاون کی تنظیم کی وضاحت کیجیے۔

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16**

نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

4. How does the climate affect the human life? Explain.

.4 آب و ہوا انسانی زندگی پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟ وضاحت کریں۔

5. Write the Islamic provisions of the Constitution of 1973 A.D.

.5 1973ء کے دستور کی اسلامی دفعات لکھیے۔

6. Analyse the relationship between Pakistan and India.

.6 پاکستان اور بھارت کے تعلقات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆

Inter - (Part-II)-A- 2017

| Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 8 | 9 | 1 | 3 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes** وقت:15منٹ نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. Better use of national resoures for the development of National economy and public welfare is called:
1.1. قومی معیشت اور عوام کی خوشحالی کے لیے ملکی وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے کا نام ہے۔
(A) Economic self sufficiency معاشی خودکفالت
(B) Economic Planning معاشی منصوبہ بندی
(C) Industrial development صنعتی ترقی
(D) Commerce تجارت

2. The foundation of E.C.O was laid in:
2. اقتصادی تعاون کی تنظیم کی بنیاد رکھی گئی۔
(A) 1970 A.D ء میں
(B) 1975 A.D ء میں
(C) 1980 A.D ء میں
(D) 1985 A.D ء میں

3. The noval "Tobat-un-Nasuh" was written by:
3. ناول "توبۃ النصوح" کے مصنف تھے۔
(A) Deputy Nazir Ahmed ڈپٹی نذیر احمد
(B) Maulana Altaf Hussain Hali مولانا الطاف حسین حالی
(C) Maulana Shibli Nomani مولانا شبلی نعمانی
(D) Maulana Zakaullah مولانا ذکاءاللہ

4. The proportional share of Pakistan in the assets was Rs______million:
4. اثاثوں میں پاکستان کا حصہ تناسب کے لحاظ سے______ملین روپے تھا۔
(A) 750
(B) 700
(C) 1050
(D) 950

5. The real name of K-2 is:
5. کے ٹو کا اصل نام ہے۔
(A) Godin Austin گوڈون آسٹن
(B) Kite-2 کائٹ ٹو
(C) Kam-2 کیم ٹو
(D) Kargil کارگل

6. Objective Resolution was passed in:
6. قراردادِ مقاصد پاس ہوئی۔
(A) 1947 A.D ء میں
(B) 1948 A.D ء میں
(C) 1949 A.D ء میں
(D) 1950 A.D ء میں

7. The number of houses of Majlis-e-Shura is:
7. مجلسِ شوریٰ ایوانوں پر مشتمل ہے۔
(A) one ایک
(B) two دو
(C) three تین
(D) four چار

8. How old is the indus valley civilization?
8. وادیٔ سندھ کی تہذیب کتنے سال پرانی ہے؟
(A) 2000 Years سال
(B) 3000 Years سال
(C) 4000 Years سال
(D) 5000 Years سال

9. Who wrote the first book of Urdu odes(Dewan)?
9. اردو غزل کا پہلا دیوان کس نے لکھا؟
(A) Bahadur Shah Zafar بہادر شاہ ظفر
(B) Sultan Muhammad Quli Qutab Shah سلطان محمد قلی قطب شاہ
(C) Mirza Ghalib مرزا غالب
(D) Maulana Altaf Hussain Hali مولانا الطاف حسین حالی

10. Pakistan got membership of United Nations in:
10. پاکستان اقوامِ متحدہ کا ممبر بنا۔
(A) 1947 A.D. ء میں
(B) 1948 A.D. ء میں
(C) 1949 A.D. ء میں
(D) 1950 A.D. ء میں

Inter - (Part-II) -A-2017

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** **Time: 1:45 Hours** گھنٹے 1:45 :وقت نمبر: 40

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** .2 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. When and who proposed the word Pakistan? .i لفظ پاکستان کب اور کس نے تجویز کیا؟

ii. Write down the names of two books of Sir Syed Ahmed Khan. .ii سرسید احمد خان کی دو کتابوں کے نام تحریر کیجیے۔

iii. What is meant by Unity, Faith and Discipline. .iii اتحاد یقین اور نظم وضبط سے کیا مراد ہے؟

iv. How did India capture the state of Hyderabad Deccan? .iv ریاست حیدرآباد دکن پر بھارت نے کیسے قبضہ کیا؟

v. Define scale. .v پیمانہ کی تعریف کیجیے۔

vi. What is meant by Economic instablility? .vi معاشی عدم توازن سے کیا مراد ہے؟

vii. What is meant by moral rights? .vii اخلاقی حقوق سے کیا مراد ہے؟

viii. Write down two duties of citizens? .viii شہریوں کے دو فرائض تحریر کیجیے۔

ix. What does legislature do? .ix مقننہ کیا کام کرتی ہے؟

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** .3 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Which Islamic festivals are celebrated in Pakistan? .i پاکستان میں کون کون سے اسلامی تہوار منائے جاتے ہیں؟

ii. Which type of weapons and tools were used by the ancient people of Indus valley? .ii قدیم وادئ سندھ کے لوگ کس طرح کے اوزار اور ہتھیار استعمال کرتے تھے؟

iii. Write the names of four prominent poets of Urdu language. .iii اُردو زبان کے چار مستند شعراء کے نام لکھیں۔

iv. State the fifth period of Kashmiri language. .iv کشمیری زبان کا پانچواں دور بیان کریں۔

v. Descirbe the common factors of national integration? .v قومی یکجہتی کے مشترکہ عناصر بیان کریں۔

vi. What is the role of common language in the national integration of a country? .vi ملک کی قومی یکجہتی میں مشترکہ زبان کا کیا کردار ہوتا ہے؟

vii. What is meant by economic planning? .vii معاشی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے؟

viii. Write the objectives of the establishment of Agricultural Development Bank(ADBP). .viii زرعی ترقیاتی بینک کے قیام کے مقاصد لکھیے۔

ix. When and between whom Geneva pact was signed? .ix معاہدہ جنیوا کب اور کن کے درمیان طے پایا؟

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16** نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**4.** Narrate four early problems i-e arrival of refugees, division of assets, division of armed forces and canal water in detail. .4 پاکستان کی چار ابتدائی مشکلات یعنی مہاجرین کی آمد، اثاثوں کی تقسیم، فوج کی تقسیم اور دریائی پانی کے مسائل کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

**5.** Describe the salient characteristics of Pakistani culture. .5 پاکستانی ثقافت کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

**6.** Write four hurdles in the way to industrial development in Pakistan. Also suggest four steps to enhance the industrial development. .6 پاکستان میں صنعتی ترقی کی راہ میں حائل چار رکاوٹیں بیان کریں نیز صنعتی ترقی کو بڑھانے کے لیے چار اقدامات بھی تجویز کیجیے۔

11

☆

Inter - (Part-II)-A- 2017

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 8 | 9 | 1 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-II-گروپ

# مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** نمبر:10

**Time: 15 Minutes** وقت:15 منٹ

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. "Aasar-ul-Sanadeed" was written by: — 1.1 ''آثار الصنادید'' کے مصنف تھے۔
(A) Sir Syed Ahmed Khan سر سید احمد خان (B) Maulana Shibli Nomani مولانا شبلی نعمانی
(C) Maulana Hali مولانا حالی (D) Deputy Nazir Ahmad ڈپٹی نذیر احمد

2. Bharat attacked on which state on 11th September 1948? — 2. 11 ستمبر 1948ء کو بھارت نے کس ریاست پر حملہ کیا تھا؟
(A) Jammu and Kashmir جموں و کشمیر (B) Hyderabad Daccan حیدر آباد دکن
(C) Junagarh جونا گڑھ (D) Manavadar مناوادر

3. The area between Rawalpindi and Peshawar is called: — 3. راولپنڈی سے پشاور تک کا علاقہ کہلاتا ہے۔
(A) Taxila ٹیکسلا (B) Central Punjab وسطی پنجاب (C) Gandhara گندھارا (D) Thal تھل

4. In Islam, sovereignty belongs to: — 4. اسلام میں اقتدارِ اعلیٰ کا مالک ہے۔
(A) Allah Almighty اللہ تعالیٰ (B) People عوام (C) Ruler حکمران (D) Parliament پارلیمنٹ

5. The system of Basic Democracies was enforced by: — 5. بنیادی جمہوریتوں کا نظام کس نے نافذ کیا تھا؟
(A) Ayub Khan ایوب خان (B) Yahya Khan یحییٰ خان (C) Zia-ul-Haq ضیاء الحق (D) Pervaiz Musharraf پرویز مشرف

6. The tomb of Jahangir is situated in: — 6. جہانگیر کا مقبرہ واقع ہے۔
(A) Lahore لاہور (B) Multan ملتان (C) Delhi دہلی (D) Agra آگرہ

7. Waris Shah was a poet of which langauge?? — 7. وارث شاہ کس زبان کے شاعر تھے؟
(A) Balochi بلوچی (B) Punjabi پنجابی (C) Pushto پشتو (D) Sindhi سندھی

8. Who said "There is none important than common language, which creates national unity". — 8. ''مشترکہ زبان سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں ہے جو کہ قومی اتحاد پیدا کرے''۔ یہ قول کس کا ہے؟
(A) Quaid-e-Azam قائداعظم (B) Hamilton ھملٹن (C) Ramzay Muir. ریمزے میور (D) Allama Iqbal علامہ اقبال

9. The first five year plan of Pakistan was launched in: — 9. پاکستان کا پہلا پانچ سالہ منصوبہ شروع ہوا۔
(A) 1950ء میں 1950 A.D. (B) 1955ء میں 1955 A.D. (C) 1960ء میں 1960 A.D. (D) 1965ء میں 1965 A.D.

10. After independence, which country recognized Pakistan first: — 10. پاکستان کو آزادی کے بعد سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا تھا؟
(A) Saudi Arabia سعودی عرب (B) Iran ایران (C) Kuwait کویت (D) Turkey ترکی

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# Pakistan Studies (Essay Type) — مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Group-II-گروپ**

**Marks: 40** نمبر: 40 **Time: 1:45 Hours** وقت: 1:45 گھنٹے

## Section -I حصہ اوّل 2x12=24

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Write down two basic points of Pakistan Resolution? — قرارداد پاکستان کے دو بنیادی نکات تحریر کیجیے۔

ii. Write the names of two books of Sir Syed Ahmed Khan? — سرسید احمد خان کی دو تصانیف کے نام تحریر کیجیے۔

iii. What was the advice of Quaid-e-Azam to the students? — قائداعظم نے طلباء کو کیا نصیحت کی؟

iv. What is meant by provincialism and racialism. — صوبائیت اور نسل پرستی سے کیا مراد ہے؟

v. Write two reasons of economic instablility? — معاشی عدم توازن کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

vi. Write down the names of four Islamic countries, located along the Persian Gulf? — خلیج فارس سے ملحقہ چار مسلم ممالک کے نام تحریر کیجیے۔

vii. Write four Islamic provisions of constitution of Pakistan 1956. — 1956ء کے آئین پاکستان کی چار اسلامی دفعات تحریر کیجیے۔

viii. What is meant by "Duties"? — فرائض سے کیا مراد ہے؟

ix. Write two functions of section officer. — سیکشن افسر کے دو فرائض تحریر کیجیے۔

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Which kind of ornaments and dresses are used in Pakistan? — پاکستان میں کس قسم کے زیورات اور لباس پہنے جاتے ہیں؟

ii. Which foods are liked in Pakistan? — پاکستان میں کون کون سی غذائیں پسند کی جاتی ہیں؟

iii. Write the names of two poets of Kashmiri language. — کشمیری زبان کے دو شعراء کے نام لکھیے۔

iv. Write down two problems of National integration in Pakistan. — پاکستان میں قومی یک جہتی کے دو مسائل تحریر کریں۔

v. What is meant by common religion? — مشترکہ مذہب سے کیا مراد ہے؟

vi. Write down the names of four important imports of Pakistan. — پاکستان کی چار اہم درآمدات کے نام لکھیے۔

vii. What is the purpose of establishment of Agriculture Bank? — زرعی بینک بنانے کا مقصد کیا ہے؟

viii. What is meant by administrative Troika? — انتظامی تکون سے کیا مراد ہے؟

ix. What is meant by national security? — قومی سلامتی سے کیا مراد ہے؟

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16**
نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**4.** Highlight the eductional services rendered by Sir Syed Ahmed Khan. — سرسید احمد خان کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالیں۔

**5.** Analyse the salient characteristics of Pakistani culture. — پاکستانی ثقافت کی نمایاں خصوصیات کا جائزہ لیں۔

**6.** Explain the relations between Pakistan and Afghanistan. — پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کی وضاحت کیجیے۔

☆☆☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Session; 2016-2018)**

| Paper Code | 4 | 9 | 1 | 5 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes** وقت:15 منٹ نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. The name of first book of Pushto language is: 1.1. پشتو زبان کی پہلی کتاب کا نام ہے۔
(A) Pata Khazana پٹہ خزانہ (B) Tazkra-tul-Aulia تذکرہ اولیاء (C) Jat-Kartut جات کرتوت (D) Aasar-ul-Sanadeed اسرار الصنادید

2. First Five Year Plan of Pakistan was launched in: 2. پاکستان کا پہلا پانچ سالہ منصوبہ شروع ہوا۔
(A) 1950ء میں 1950 A.D (B) 1955ء میں 1955 A.D (C) 1960ء میں 1960 A.D (D) 1965ء میں 1965 A.D

3. In which year Punjab government Protection Act against violence was passed in: 3. حکومت پنجاب کا تحفظ نسواں ایکٹ کس سال منظور ہوا؟
(A) 2010ء میں 2010 A.D (B) 2017ء میں 2017 A.D (C) 2016ء میں 2016 A.D (D) 1998ء میں 1998 A.D

4. The length of common border between Pakistan and Afganistan is: 4. پاکستان اور افغانستان کی مشترک سرحد کی لمبائی ہے۔
(A) 2252 کلومیٹر 2252 Kilometer (B) 2282 کلومیٹر 2282 Kilometer (C) 2350 کلومیٹر 2350 Kilometer (D) 2452 کلومیٹر 2452 Kilometer

5. Who led the Khilafat Movement? 5. کس نے تحریک خلافت کی قیادت کی؟
(A) Sir Syed Ahmad Khan سر سید احمد خان (B) Allama Iqbal علامہ اقبال
(C) Maulana Shibli Naumani مولانا شبلی نعمانی (D) Maulana Muhammad Ali Jauhar مولانا محمد علی جوہر

6. Pakistan became member of United Nations in: 6. پاکستان اقوام متحدہ کا رکن ____ میں بنا۔
(A) 1947ء 1947 A.D. (B) 1948ء 1948 A.D. (C) 1949ء 1949 A.D. (D) 1943ء 1943 A.D.

7. The total area of Pakistan is_____ sqaure kilometers. 7. پاکستان کا کل رقبہ ____ مربع کلومیٹر ہے۔
(A) 795095 (B) 896096 (C) 696095 (D) 796096

8. Objective Resolution was passed in: 8. قراردادِ مقاصد پاس ہوئی۔
(A) 1947ء 1947 A.D. (B) 1948ء 1948 A.D. (C) 1949ء 1949 A.D. (D) 1946ء 1946 A.D.

9. Tenure of National Assembly is: 9. قومی اسمبلی کی مدت ہے۔
(A) 4 سال 4 years (B) 5 سال 5 years (C) 6 سال 6 years (D) 7 سال 7 years

10. Taxila is only 40 km away from: 10. ٹیکسلا صرف 40 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔
(A) Jehlum جہلم سے (B) Rawalpindi راولپنڈی سے (C) Mirpur میرپور سے (D) Peshawar پشاور سے

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Session; 2016-2018)**

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** **Time: 1:45 Hours** وقت:1:45 گھنٹے **نمبر: 40**

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

**2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Write the name of four books of Sir Syed Ahmed Khan? — سرسید احمد خان کی چار تصانیف کے نام لکھیں۔

ii. Describe two main objectives of Khilafat Movement. — تحریک خلافت کے دو اہم مقاصد بیان کریں۔

iii. What is meant by Unity, Faith and Discipline? — اتحاد، یقین، اور نظم وضبط سے کیا مراد ہے؟

iv. Describe four relief features of Pakistan. — پاکستان کے چار طبعی خدوخال بیان کریں۔

v. What is meant by map projection? — میپ پروجیکشن سے کیا مراد ہے؟

vi. Write down two provisions of Objective Resolution. — قرارداد مقاصد کے دو نکات تحریر کریں۔

vii. Write down two Islamic provisions of the constitution of 1956 A.D. — 1956ء کے آئین کی دو اسلامی دفعات تحریر کریں۔

viii. What is the difference between ministry and division? — وزارت اور ڈویژن کے درمیان کیا فرق ہے؟

ix. What is the First Aid treatment for Dengue Fever? — ڈینگی بخار کا فرسٹ ایڈ علاج کیا ہے؟

**3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12**
درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. Define culture. — ثقافت کی تعریف بیان کریں۔

ii. What was the work conducted by English archeologist Sir John Marshall in Pakistan? — انگریز ماہر آثار قدیمہ سر جان مارشل نے پاکستان میں کیا کام کیا؟

iii. What are the themes of Poetry of Pushto language? — پشتو زبان کی شاعری کے موضوعات کیا ہیں؟

iv. Write the names of four poets who promoted Urdu language. — اُردو زبان کی ترویج کے سلسلے میں چار شعراء کے نام لکھیے۔

v. Write the names of two factors which are essential for national integration. — قومی یکجہتی کے لئے دو ضروری عناصر کے نام لکھیے۔

vi. Write the names of two important minerals of Pakistan. — پاکستان کی دو اہم معدنیات کے نام لکھیے۔

vii. What is meant by heavy industry ? Give an example. — بھاری صنعت سے کیا مراد ہے؟ مثال دیں۔

viii. Write the two forms of violence commited against women. — خواتین کے خلاف کیے گئے تشدد کی دو اقسام لکھیے۔

ix. What is meant by foreign policy? — خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

## Section -II حصہ دوم

**Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16**
نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**4.** Narrate the basic principles of the ideolagy of Pakistan. — نظریہ پاکستان کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

**5.** Analyse the Islamic provisions of the constitution of 1973. — 1973ء کے دستور کی اسلامی دفعات کا جائزہ لیں۔

**6.** Analyse the relations between Pakistan and India. — پاکستان اور بھارت کے تعلقات کا جائزہ لیں۔

☆☆☆

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Session; 2016-2018)**

| Paper Code | 4 | 9 | 1 | 6 |
|---|---|---|---|---|

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-II-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

**Marks: 10** **Time: 15 Minutes وقت:15 منٹ** **نمبر:10**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**NOTE:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given.Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. Which city was made capital by Shah Jahan in 1647 in place of Agra? 1647ء میں شاہجہان نے آگرہ کی بجائے کس شہر کو دارالحکومت بنایا؟
(A) Madras مدراس (B) Lucknow لکھنؤ (C) Lahore لاہور (D) Delhi دہلی

2. Second Five Year Plan of Pakistan was launched in: پاکستان کا دوسرا پانچ سالہ منصوبہ شروع ہوا۔
(A) 1955 A.D. ءمیں (B) 1960 A.D. ءمیں (C) 1965 A.D. ءمیں (D) 1970 A.D. ءمیں

3. All of the following are forms of violence against women except. درج ذیل میں تمام خواتین کے خلاف تشدد کی اقسام ہیں سوائے۔
(A) Female infanticide شیر خوار بچی کا قتل
(B) Giving women the right to choose their own spouse. خواتین کو خود اپنے خاوند کے انتخاب کا حق
(C) Domestic abuse گھریلو بدسلوکی (D) Honour killings عزت کے نام پر قتل

4. The length of common border between Pakistan and Afghanistan is: پاکستان اور افغانستان کی مشترک سرحد کی لمبائی ہے۔
(A) 2252 kilometers کلومیٹر (B) 2282 kilometers کلومیٹر (C) 2350 kilometers کلومیٹر (D) 2452 kilometers کلومیٹر

5. Right of separate electorate to Muslims was given in: مسلمانوں کو جداگانہ انتخاب کا حق دیا گیا۔
(A) 1905 A.D. ءمیں (B) 1906 A.D. ءمیں (C) 1909 A.D. ءمیں (D) 1919 A.D. ءمیں

6. The state of Jammu and Kashmir was sold for how many rupees by the British to the Dogra Raja? ریاست جموں وکشمیر کو انگریزوں نے ڈوگرہ راجہ کے ہاتھ کتنے روپے میں فروخت کیا تھا؟
(A) 70 Lac لاکھ (B) 85 Lac لاکھ (C) 50 Lac لاکھ (D) 75 Lac لاکھ

7. The Highest Peak of Hindu Kush Range is: کوہستان ہندوکش کی بلند ترین چوٹی ہے۔
(A) Nanga Parbat نانگا پربت (B) Tirch Mir ترچ میر (C) Malka Parbat ملکہ پربت (D) Everest ایورسٹ

8. The Hadood Ordinance was implemented in: شرعی حدود آرڈیننس نافذ کیا گیا۔
(A) 1978 A.D ءمیں (B) 1979 A.D ءمیں (C) 1980 A.D ءمیں (D) 1981 A.D ءمیں

9. Under which amendment of constitution, formation of local governments was made necessary? آئین میں کس ترمیم کے تحت مقامی حکومتیں لازمی قرار پائیں؟
(A) 8th آٹھویں (B) 12th بارھویں (C) 18th اٹھارھویں (D) 20th بیسویں

10. The Muslims ruled over the Sub-continent for how many years? برصغیر پر مسلمانوں نے کتنے سال حکومت کی؟
(A) 500 years سال (B) 800 years سال (C) 1000 years سال (D) 1200 years سال

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Session; 2016-2018)**

# Pakistan Studies (Essay Type) Group-II-گروپ مطالعہ پاکستان (انشائیہ)

**Marks: 40** **Time: 1:45 Hours** 1:45 گھنٹے :وقت نمبر: 40

## Section -I 2x12=24 حصہ اوّل

| | |
|---|---|
| **2. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** | 2. درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ |
| i. Write any two objectives of Khilafat Movement. | i. تحریک خلافت کے کوئی سے دو مقاصد تحریر کریں۔ |
| ii. When and who proposed the word Pakistan? | ii. لفظ پاکستان کب اور کس نے تجویز کیا؟ |
| iii. What is meant by Indus Basin Treaty? | iii. سندھ طاس معاہدہ سے کیا مراد ہے؟ |
| iv. Write in brief the location of Pakistan. | iv. پاکستان کا محل وقوع مختصراً تحریر کریں۔ |
| v. Into how many parts Pakistan can be divided with respect to climate? Write names. | v. آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ نام لکھیے۔ |
| vi. Write down any two points of Objective Resolution. | vi. قرارداد مقاصد کے کوئی دو نکات تحریر کریں۔ |
| vii. When and why did president Ayub Khan resign? | vii. صدر ایوب خان کب اور کیوں مستعفی ہوئے؟ |
| viii. What is meant by Federal Cabinet? | viii. وفاقی کابینہ سے کیا مراد ہے؟ |
| ix. Write down two preventive measures against Dengue Fever. | ix. ڈینگی بخار سے بچاؤ کی دو احتیاطی تدابیر لکھیں۔ |
| **3. Write short answers of any six parts from the following. 2x6=12** | 3. درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ |
| i. Define in brief the word "culture". | i. لفظ ''ثقافت'' کی مختصر تعریف کیجیے۔ |
| ii. Write down the names of two Muslim Kings who were interested in the Art of calligraphy. | ii. فنِ خطاطی سے دلچسپی لینے والے دو مسلمان بادشاہوں کے نام تحریر کریں۔ |
| iii. Describe the themes of the poetry of Balochi language. | iii. بلوچی زبان کی شاعری کے موضوعات بیان کیجیے۔ |
| iv. Into how many periods is the Kashmiri literature divided? | iv. کشمیری ادب کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ |
| v. Why the common religion is necessary for National integration? | v. مشترکہ مذہب قومی اتحاد کے لیے کیوں ضروری ہے؟ |
| vi. Write two points about the economic planning in Pakistan. | vi. پاکستان میں معاشی منصوبہ بندی کی اہمیت سے متعلق دو نکات تحریر کیجیے۔ |
| vii. What is meant by Heavy industry? | vii. بھاری صنعت سے کیا مراد ہے؟ |
| viii. What was said by Quaid-e-Azam about women? | viii. قائداعظم نے خواتین سے متعلق کیا فرمایا؟ |
| ix. Describe in brief two Objectives of the foreign policy of Pakistan. | ix. پاکستان کی خارجہ پالیسی کے دو مقاصد مختصراً بیان کیجیے۔ |

## Section -II حصہ دوم

| | |
|---|---|
| **Note: Answer any two questions from the following. 8x2=16** | نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ |
| **4.** Write in detail the initial problems of Pakistan. | 4. پاکستان کی ابتدائی مشکلات تفصیل سے تحریر کیجیے۔ |
| **5.** Analyse the Islamic provisions of the constitution of 1973. | 5. 1973ء کے دستور کی اسلامی دفعات کا جائزہ لیجیے۔ |
| **6.** Which different rights Islam gives to women? Describe in detail. | 6. اسلام خواتین کو کون سے مختلف حقوق دیتا ہے؟ تفصیلاً بیان کریں۔ |

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

| Paper Code | 8 | 9 | 1 | 5 |
|---|---|---|---|---|

(Sessions;2014-2016 & 2015-2017)

# Pakistan Studies (Objective Type) Group-I-گروپ مطالعہ پاکستان (معروضی)

Marks: 10 Time: 15 Minutes وقت:15منٹ نمبر:10

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

NOTE: Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. Urdu is a word of Turkish language which means: — 1.1. اُردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی ہیں۔
(A) With ساتھ (B) Arms اسلحہ (C) Army لشکر (D) Literature ادب

2. "There is none important than common language which creates National unity" said by: — 2. ''مشترکہ زبان سے کوئی چیز اہم نہیں جو قومی اتحاد پیدا کرے'' قول ہے۔
(A) Quaid-e-Azam قائداعظم (B) Ramzay Muir رمزے میور (C) Allama Iqbal علامہ اقبال (D) Hamilton ہملٹن

3. Commerce through internet is called: — 3. انٹرنیٹ کے ذریعے کاروبار کو کہتے ہیں۔
(A) Credit card کریڈٹ کارڈ (B) Courier کوریئر (C) Strategy حکمت عملی (D) E.Commerce ای۔کامرس

4. Pakistan made nuclear explosions in: — 4. پاکستان نے ایٹمی دھماکے کئے۔
(A) 1998 A.D ء میں (B) 1997 A.D ء میں (C) 1999 A.D ء میں (D) 2000 A.D ء میں

5. The author of the book 'Pakistan Naguzeer Tha" is: — 5. کتاب ''پاکستان ناگزیر تھا'' کا مصنف ہے۔
(A) Dr. Safdar Mehmood ڈاکٹر صفدر محمود (B) Abdul Haleem Sharar عبدالحلیم شرر
(C) Sir Syed Ahmad Khan سرسید احمد خان (D) Syed Hassan Riaz سید حسن ریاض

6. The distance of the state of Junagarh from Karachi was: — 6. جوناگڑھ ریاست کا کراچی سے فاصلہ تھا۔
(A) 480 K.M کلومیٹر (B) 380 K.M کلومیٹر (C) 580 K.M کلومیٹر (D) 680 K.M کلومیٹر

7. What is the real name of K-2? — 7. کے ٹو کا اصل نام کیا ہے۔
(A) Kam-2 کیم ٹو (B) Godwin Austin گوڈون آسٹن (C) Kite-2 کائٹ ٹو (D) Kargil کارگل

8. In whose regime the constitution of Pakistan 1962 was passed? — 8. دستور پاکستان 1962ء کس کے دور میں پاس ہوا؟
